قومی انڈر 16ٹورنامنٹ کا فائنل بارش کی نذر، سنٹرل پنجاب اور خیبرپختونخوا مشترکہ فاتح قرار

لاہور،20دسمبر2019ء:

فیصل آباد میں بارش کے باعث پی سی بی پیپسی قومی انڈر 16 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل شروع ہی نہ ہوسکا۔ اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں سنٹرل پنجاب اور خیبرپختونخوا کے درمیان میچ واش آؤٹ ہونے کے باعث دونوں ٹیموں کو مشترکہ طور پر فاتح قرار دے دیا گیا۔

ایونٹ میں14وکٹیں حاصل کرنے والے ناردرن کےمحمد ابراہیم کو بہترین باؤلرجبکہ206 رنز بنانے والےسندھ کے سعد بیگ کو ٹورنامنٹ کا بہترین بیٹسمین قرار دیا گیا۔سنٹرل پنجاب کےافضال منظور کوٹورنامنٹ کے بہترین وکٹ کیپر کا ایوارڈ دیا گیا۔

بلوچستان کے فیض اللہ بہترین آلراؤنڈر اور باسط علی کو بہترین فیلڈر قرار دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk